امت مسلمہ کے زعماء، علماء، مفتیانِ کرام اور مجاہدینِ اسلام کو دعوتِ غور و فکر ہے کہ خدارا قرآن و سنت کی روشنی میں احکام شریعت پر نظر فرما کر تھوڑا سا غور کریں تو مندرجہ بالا تمام سوالات کے جوابات بالکل واضح ہو جائیں گے کہ شیعہ تو عیسائیوں، یہودیوں، ہندوؤں، سکھوں، مجوسیوں اور کائنات میں بسنے والے تمام کافروں سے بڑا کافر اور بڑا دشمن اسلام ہے اسے چھوٹا دشمن سمجھنا نادانی اور کھلی حماقت بلکہ دین، ایمان، اسلام کے نقصان کے سوا کچھ نہیں ہے اسی طرح شیعت کے خلاف لڑنا قوت کو ضائع کرنا نہیں بلکہ اللہ کے حکم پر عمل پیرا ہونا اور دین، ایمان، قرآن، کلمہ، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، جہاد بلکہ تمام احکام اسلام کو ضائع ہونے سے بچانا ہے، اسی طرح شیعت کیخلاف جنگ کرنا خلاف مصلحت نہیں بلکہ عین قرینِ مصلحت ہے اور اسی طرح شیعت کیخلاف ہونیوالی جنگ فرقہ واریت اور فساد نہیں بلکہ عین اسلامی فریضہ اور جہاد اکبر ہے اور اسی طرح عیسائیوں، یہودیوں، ہندوؤں، سکھوں، مجوسیوں کے خلاف جنگ کی عظیم الشان غرض سے بھی ان شیعوں کے ساتھ اتحاد کا تصور کرنا بھی ناجائز، حرام اور کبیرہ گناہ کا ارتکاب ہے اور اگر خدانخواستہ ان شیعوں کے لیے دل میں نرم گوشہ پیدا ہو گیا تو پھر اپنے ایمان کے ضیاع، نقصان اور خسارے کا شدید خطرہ ہے۔

نوٹ:......اگر کسی کی نظر میں شیعت کی خباثت اور زندقہ پر کسی باطل تاویل کا پردہ پڑا ہوا

ہے تو اس کی فکر و نظر کی درستگی کے لیے امام المعقول والمنقول کا وضاحتی فرمان پیش کیا جاتا ہے۔

نمبر۸:...... امام المعقول والمنقول حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کا وضاحتی فرمان!

"یاد رکھیے! تاویلیں دو قسم کی ہوتی ہیں، ایک وہ تاویل جو قرآن و حدیث کی کسی نص اور اجماع امت کے مخالف نہ ہو، دوسری تاویل وہ ہوتی ہے جو کسی نصِ قطعی یا اجماع امت کے منافی اور مخالف ہو، ایسی تاویل کرنا ہی الحاد اور زندقہ ہے۔ چنانچہ ہر وہ شخص جو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی رؤیت (دیدار) کا یا عذابِ قبر کا، یا منکر و نکیر کے سوال و جواب کا، یا صراط، حساب اور جزاء اعمال وغیرہ کا انکار کرے، خواہ یہ کہے کہ میں ان (احادیث کو صحیح اور) ان کے راویوں کو ثقہ نہیں مانتا، خواہ یہ کہے کہ راوی تو ثقہ ہیں مگر یہ احادیث مؤول ہیں اور تاویل ایسی بیان کرے جو نہ صرف غلط اور فاسد ہو بلکہ اس سے قبل کبھی نہ سنی گئی ہو تو وہ زندیق ہے، اسی طرح جو شخص مثلاً شیخینؓ یعنی حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ کے متعلق کہے کہ یہ جنتی نہیں ہیں حالانکہ ان دونوں حضرات (ابو بکرؓ و عمرؓ) کے حق میں بشارات جنت کی حدیثیں حدِ تواتر کو پہنچ چکی ہیں یا یوں کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء ضرور ہیں لیکن اس کے معنی صرف یہ ہیں کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بعد کسی کو نبی کے نام سے موسوم نہ کیا جائے (یعنی کسی کو نبی نہ کہا جائے) باقی نبوت کی حقیقت یعنی کسی انسان کا اللہ تعالیٰ کی جانب سے مخلوق کی ہدایت کے لیے مبعوث ہونا، اس کی اطاعت کا فرض ہونا، اس کا گناہوں سے معصوم ہونا اور اجتہادی امور میں غلطی پر قائم رہنے سے محفوظ ہونا اور اس کے علاوہ خصائص نبوت یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی اماموں کے لیے ثابت اور محقق ہیں، تو یہ شخص بھی قطعاً زندیق ہے اور تمام حنفی، شافعی علمائے متأخرین ایسے شخص کے کفر اور قتل پر متفق ہیں"۔

(۱) (اکفار الملحدین مع اردو ترجمہ از مولوی ادریس میرٹھی ص ۱۸۴ و ص ۱۸۵، ناشر مکتبہ لدھیانوی کراچی)

(۲) (تفہیمات الٰہیہ ص ۲۴۴ بحوالہ بینات ص ۸۷)

(۳) (مسوّیٰ شرح مؤطا جلد دوم، بحوالہ بینات ص ۹۱)

Scanned by CamScanner

محدث اعظم بامام المعقول والمنقول شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی وضاحت پر ایک نظر!

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ تمام حنفی اور شافعی علمائے متاخرین ایسے شخص کے کفر اور قتل پر متفق ہیں جو شخص حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے متعلق یہ کہے کہ وہ جہنمی ہیں (معاذ اللہ) اور اسی طرح جو شخص یہ کہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو خاتم الانبیاء تو مانتا ہے، لیکن اس کی تاویل اس طرح بیان کرتا ہے کہ خاتم الانبیا ہونے کے معنیٰ صرف یہ ہیں کہ آپ ﷺ کے بعد کسی کو نبی نہیں کہا جا سکتا البتہ باقی نبوت کی حقیقت اور خصوصیات کو آپ ﷺ کے بعد اماموں کے لیے بھی ثابت کرتا ہو اور محقق مانتا ہو چونکہ حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کے متعلق جنت کی بشارات اور خوشخبری والی احادیث تواتر کے ساتھ موجود ہیں اور اس پر امت کا اجماع بھی منعقد ہو چکا ہے اس لیے اب جو شخص ایسی بات کرے گا اگرچہ وہ کسی تاویل کے ذریعہ ہی کیوں نہ کہے، نصِ قطعی اور اجماعِ امت کے خلاف بات ہو گی جو کہ الحاد اور زندقہ ہے، اسی طرح خاتم الانبیاء کی اصطلاح بھی بذریعہ اجماعِ امت متعین ہے، لہٰذا نبی کریم ﷺ کو خاتم الانبیاء ماننے کا دعویٰ کرنے والا اگر خصوصیاتِ نبوت میں سے کسی ایک بھی خصوصیت کو آپ ﷺ کے بعد کسی امام یا شخص کے لیے ثابت کرتا ہو یا محقق مانتا ہو تو وہ شخص بھی ملحد اور زندیق ہے۔

خصوصیاتِ نبوت:

یعنی کسی انسان کا اللہ تعالیٰ کی جانب سے مخلوق کی ہدایت کے لیے مبعوث ہونا، اس کی اطاعت کا فرض ہونا، اس کا گناہوں سے معصوم ہونا، اور اس کا اجتہادی امور میں غلطی پر قائم رہنے سے محفوظ ہونا، اس پر وحی کا آنا، کسی بھی چیز کو اللہ کی مرضی سے حلال یا حرام بتانے کا اختیار ہونا وغیرہ وغیرہ۔

شاہ ولی اللہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص کسی بھی طرح (یعنی کسی بھی تاویل سے یا بغیر کسی تاویل کے) ان تمام خصوصیاتِ نبوت میں سے کسی بھی خصوصیت کو آپ ﷺ کے بعد

کسی اور کے لیے بھی ثابت اور محقق مانتا ہو تو ایسا شخص قطعاً یقیناً ملحد اور زندیق ہے اور تمام حنفی اور شافعی علمائے متاخرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ایسا شخص کافر اور واجب القتل ہے۔

نوٹ:...... یہ بات کسی سے ڈھکی اور چھپی ہوئی نہیں ہے کہ "شیعہ" نبی کریم ﷺ کو خاتم الانبیاء تسلیم کرنے کا دعویٰ بھی کرتے ہیں اور تمام خصوصیات نبوت کو ایک نہیں بلکہ "بارہ اماموں" کے لیے ثابت اور محقق مانتے ہیں اور اسی طرح حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کو جہنمی بھی "شیعہ" ہی کہتے ہیں (شیعہ کتب کے حوالہ جات کے لیے راہزن کی پہچان اور تاریخی دستاویز کی طرف رجوع فرمائیں) لہٰذا محدث اعظم امام المعقول والمعقول حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ نے فیصلہ فرما دیا کہ باوجود تاویل کے شیعہ نہ صرف کافر، ملحد اور زندیق ہیں بلکہ تمام حنفی اور شافعی علمائے متاخرین ان کے قتل پر متفق ہیں۔

نمبر۹: فنِ رجال کے مشہور امام یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ!:

"جو شخص گالیاں بکتا ہوا حضرت عثمانؓ تک پہنچ جائے وہ سخت سزا کا مستحق ہے کسی بھی صحابیؓ کو گالی دینے والا دجال ہے، اس کی حدیث نقل نہ کی جائے، اس پر اللہ اور فرشتوں کی لعنت ہو"۔

وضاحت: فنِ رجال کے انتہائی مشہور و معروف صاحب الرائے امام یحییٰ بن معین رحمہ اللہ اپنے مخصوص فنی انداز کے پیش نظر واضح طور پر کہتے ہیں کہ صحابہ کرامؓ کو گالی دینا قابل سزا جرم ہے اور کسی بھی صحابیؓ کو گالی دینے والا دجال ہے اس پر اللہ اور فرشتوں کی لعنت ہو۔

ایک ضروری وضاحت اور ایک مغالطے کا ازالہ......!

یہاں یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ اب تک بیان ہونے والے حوالہ جات و اقوال کی اصل یہ ہے کہ یہ تمام اقوال ان لوگوں کے بارے میں ہیں جو لوگ تمام ضروریات دین کے ماننے والے اور دیگر تمام اسلامی احکام و عقائد کی پابندی کرنے والے ہیں اور صحابہ کرامؓ کی شان میں گستاخی کو جائز بھی نہیں سمجھتے ہیں لیکن اس کے باوجود اگر وہ صحابہ کرامؓ کی شان میں گستاخی کا ارتکاب کر بیٹھے ہوں، تو شریعت اسلامیہ میں ایسے

Scanned by CamScanner

لوگوں کا کیا حکم ہے، مذکورہ بالا حوالہ جات اور اقوال میں ایسے لوگوں کے بارے احکامات بیان ہوئے ہیں۔

اس موقع پر اکثر و بیشتر لوگ بلکہ اہل علم طبقہ بھی اس مغالطہ اور غلط فہمی میں مبتلاء ہو جاتا ہے کہ یہ احکامات شیعوں سے متعلق ہیں یعنی صحابہ کرامؓ کی شان میں گستاخی کا ارتکاب کرنے والوں کے متعلق جو احکامات ہیں شیعوں سے متعلق بھی یہی احکامات ہوں گے! جب کہ ایسا بالکل نہیں ہے بلکہ شیعوں کے متعلق جو احکامات ہیں وہ ان احکامات سے الگ ہیں ذیل میں ہم اسی غلط فہمی اور مغالطے کا ازالہ کرنا چاہتے ہیں۔

یاد رکھیں! پوری امت مسلمہ کا اس بات پر اجماع ہے کہ صحابہ کرامؓ کی شان میں گستاخی کو جائز سمجھنے والا کافر و مرتد اور واجب القتل ہے اور شیعہ عقائد میں یہ بات شامل ہے کہ ''صحابہ کرامؓ کو گالیاں دینا، ان پر لعنت کرنا، ان کو جہنمی کہنا، ان کو کافر، منافق اور مرتد کہنا نہ صرف جائز بلکہ اہم عبادت ہے اور مذہب شیعہ میں اس عبادت کو سرانجام نہ دینے والوں کے لیے وعیدیں بھی بیان کی گئی ہیں۔ نیز اس کے علاوہ دیگر کئی عقائد و نظریات مذہب شیعہ کے واضح کفر، ارتداد، الحاد اور زندقہ پر مشتمل ہیں۔ مثلاً (۱) عقیدۂ بداء (۲) عقیدۂ امامت (جس کے ضمن میں ختم نبوت کا انکار لازم آتا ہے) (۳) عقیدۂ تحریف قرآن (۴) عقیدۂ رجعت (یعنی قیامت سے پہلے قیامت کا قائم ہونا جو کہ شیعہ عقائد کے مطابق ان کے بارہویں امام کے ظاہر ہونے کے بعد ہوگی)۔ (۵) سوائے چار حضرات کے بقیہ تمام صحابہ کرامؓ کی تکفیر کا عقیدہ (۶) ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہؓ پر تہمت لگانا اور تمام صحابہ کرامؓ پر لعنت کرنا اور گالیاں دینے کو عبادت کا درجہ دینا وغیرہ وغیرہ۔

ان عقائد و نظریات کے حامل گروہ کے کفر، الحاد، ارتداد، زندقہ اور اس کے قتل پر تو پوری امت مسلمہ کا اتفاق ہے۔

لہٰذا: شیعوں کا معاملہ عام گستاخ سے مختلف ہے اسی بناء پر اگر کسی مقام میں عام گستاخ کی سزا کی کیفیت کے بارے میں علماء کا اختلاف مذکور ہوا ہے تو اس کو شیعوں کے

معاملے میں علماء کا اختلاف ہرگز نہ سمجھا جائے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ شیعوں کے تمام عقائد و نظریات اول تا آخر غلاظت ہی غلاظت اور دین دشمنی کی بنیاد پر مبنی ہیں، چنانچہ یہ راہزنوں کا وہ ٹولہ ہے جو دین اور اسلام کا لبادہ اوڑھ کر اہل قبلہ، کلمہ گو اور مؤمن کہلوا کر، حضرت علی المرتضیٰؓ حضرات حسنین کریمینؓ اور اہل بیتؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا نعرہ لگا کر نہ صرف مسلمانوں کے ایمانوں پر ڈاکہ زنی میں مصروف ہے، بلکہ دین اور اسلام کی بنیادوں پر نقب زنی کر کے پوری عمارتِ اسلام کو زمین بوس کرنے کی ناپاک کوششوں میں انتہائی عیاری، مکاری اور چابکدستی کے ساتھ سرگرم عمل ہے، جس کسی نے بھی شیعہ عقائد و نظریات کا تھوڑا سا مطالعہ کیا ہو اور تھوڑی سی معلومات حاصل کی ہوں تو وہ اسی نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ مذہب شیعہ اول تا آخر دین کیخلاف ایک سازش کا نام ہے پھر یہ کیونکر ممکن ہے کہ ان خطرناک دشمنوں کو عام گستاخوں کے احکامات میں داخل سمجھا جائے اور کسی غلط فہمی میں مبتلاء ہو کر عام گستاخوں کے بارے میں علماء کے اختلافی اقوال کو شیعوں کے بارے میں علماء کا اختلاف قرار دیا جائے بلکہ امت مسلمہ کا ہمیشہ سے اتفاق ہے کہ ایسے غلیظ عقائد و نظریات کی بناء پر شیعہ نہ صرف کافر، مرتد اور زندیق ہیں بلکہ فوری واجب القتل ہیں نیز ان کے خلاف جنگ جہاد اکبر ہے، یہی وجہ ہے کہ شیعوں کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے واضح فرامین کتب احادیث میں موجود ہیں اور خود حضرت علی المرتضیٰؓ کے خطبات اور اپنے دور خلافت میں صادر کیے ہوئے فیصلہ جات اور ہر دور کے اکابرین اور مشاہیر علماء امت، ائمہ مجتہدین علماء و مشائخ اور اساطین امت بزرگان دین کے اقوال اور فیصلہ جات خاص الخاص شیعوں کے متعلق احکامات کو بیان کرنے کے سلسلہ میں موجود ہیں چنانچہ اب ہم ذیل میں اس مضمون کے حوالہ جات اور اقوال پیش کرتے ہیں جو صرف شیعوں کے احکامات پر خاص الخاص مشتمل ہیں۔ یعنی ان راہزنوں کا علاج ہیں تاکہ قارئین اور اہل نظر و فکر خود فیصلہ کر لیں کہ بات بالکل واضح ہے کہ اب تک پیش کیے جانے والے احکامات عام گستاخان صحابہؓ کے بارے میں تھے اور اس کے بعد پیش کیے جانے والے احکامات خاص شیعہ زندیقوں کے بارے میں مخصوص ہیں۔

Scanned by CamScanner

خبردار! لہٰذا خبردار ان عام گستاخوں کی سزا کی کیفیت کے بارے میں پائے جانے والے علماء کے اختلاف کو آڑ بنا کر کوئی شیعت کے خلاف ہونے والی جنگ کو خلاف مصلحت یا بلاوجہ کی شدت نہ سمجھے بلکہ یہ عین مطابق شریعت ان راہزنوں کا درست علاج ہے، اللہ پاک سب کو سمجھنے کی اور عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

شیعوں سے جنگ و قتال کے حکم پر مبنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیثِ مبارکہ حضرت علی المرتضیٰؓ سے مروی احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم:

حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ مجھ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

(۱)...... یاابا الحسن امالنت وشیعتك فی الجنة وان قوماً یزعمون انهم یحبونك ...... یصغرون الاسلام ثم یلفظونهٗ یمرقون منهٗ کما یمرق السهم من کبد القوس، لهم نبز یقال لهم الرافضیة، فان ادرکتهم فاقتلهم فانهم مشرکون۔ رواه الدارقطنی۔

اے ابوالحسنؓ! تم اور تیرا گروہ جنت میں ہونگے، ایک قوم یہ دعویٰ کرے گی کہ وہ تم سے محبت کرتے ہیں، اسلام کی تحقیر کریں گے، اس (اسلام) سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے، ان کی علامت ہے کہ انہیں "رافضیہ" کہا جائیگا، اگر تم ان کو پالو تو انہیں قتل کر دینا کیونکہ یہ مشرک ہوں گے۔ (دارِ قطنی نے اسکو روایت کیا)

(۲) "وروی ایضاً عن علی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم، انه قال سیأتی بعدی قوم لهم نبز یقال لهم الرافضیة، ان ادرکتهم فاقتلهم فانهم مشرکون، قال: قلت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما العلامة، قال: یفرطونك بما لیس فیك ویطعنون علیٰ السلف،

(۳)...... واخرج الدار قطنی من طریق اخر نحوه وزاد فیه ینحلون حبنا اهل البیت، لیسوا کذالك وایة ذٰلك انهم یسبون ابابکر و عمر"

نیز علیؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! میرے بعد عنقریب ایک قوم آئے گی، انہیں رافضیہ کہا جائیگا، اگر تم ان کو پاؤ تو قتل کر دینا، وہ مشرک ہوں گے، (حضرت علیؓ) کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی نشانی کیا ہے؟ فرمایا کہ وہ تیری تعریف میں وہ باتیں لائیں گے جو تجھ میں نہیں، اور سلف پر طعن کریں گے۔

"ایک دوسری سند سے بھی دار قطنیؒ نے اسی طرح روایت کیا ہے البتہ اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ وہ اہل بیت کی محبت کے مدعی ہوں گے، حالانکہ ایسے ہوں گے نہیں، ان کی نشانی یہ ہے کہ وہ ابوبکرؓ اور عمرؓ کو گالیاں دیں گے"۔

(۴)...... واخرج ایضاً من طریق اخر عن فاطمة الزهراء وامّ سلمة رضی اللہ عنهما، نحوه" (دارِ قطنیؒ) یہی حدیث ایک اور سند سے بروایت فاطمہ زہراؓ اور ام سلمہؓ اسی طرح روایت کرتے ہیں"

(۵)...... وعن علیؓ انهٗ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا ادلك علیٰ عمل اذا فعلته کنت من اهل الجنة، سیکون بعد اقوام یقال لهم الرافضة اذا ادرکتهم فاقتلهم فانهم مشرکون، قال علیؓ قلت ماعلامة ذٰلك قال انهم یسبّون ابابکرؓ و عمرؓ، رواه الطبرانی والبغوی" "اور حضرت علیؓ سے مروی ہے، انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تجھے ایک عمل بتاتا ہوں جب تم اس کو کرلو گے اہل جنت سے ہو جاؤ گے میرے بعد ایک قوم آئے گی، انہیں رافضہ کہا جائے گا، جب تو انہیں پائے تو قتل کردے، کیونکہ وہ مشرک ہوں گے، علیؓ کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا، ان کی نشانی کیا ہے، فرمایا کہ وہ ابوبکرؓ اور عمرؓ کو گالیاں دیں گے۔ (اس حدیث کو طبرانیؒ اور بغویؒ نے روایت کیا ہے"

(۶)...... "وعن علیؓ انهٗ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یکون فی امتی قوم یسمون الرافضیة یرفضون الاسلام رواه البیهقی"۔ (وایضاً مسند احمد، جز ثانی ص ۸۸)

نیز حضرت علیؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میری امت میں ایک قوم ہوگی جنہیں رفضیہ کہا جائے گا وہ اسلام کو چھوڑ دیں گے (پھینک دیں گے) اس روایت کو بیہقی نے نقل کیا ہے۔ (اور اسی طرح مسند احمد جلد نمبر ۲ ص ۸۸ پر بھی اس حدیث کو نقل کیا گیا ہے)

(۷)...... وروی البغوی فی المعالم، عن علیؓ قال: قال رسول اللہ ﷺ: ان سیرتك ان تکون من اهل الجنة فان قوماً ینتحلون حُبّك یقرؤن القران لایجاوز تراقیهم نبزهم الرافضة، فان ادرکهم فجاهد هم فانهم مشرکون"

"اور بغوی رحمہ اللہ نے معالم میں حضرت علیؓ سے روایت کیا ہے، حضرت علیؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تیری سیرت اہل جنت کی ہے، ایک قوم جو تیری محبت کا دعویٰ کریگی، قرآن پڑھیں گے مگر وہ (قرآن) ان کے حلق کے نیچے نہ اترے گا وہ رافضہ ہیں اگر تو ان کو پائے تو ان سے جہاد کرنا کیونکہ وہ مشرک ہوں گے"

(۸)...... وروی الهروی عن ابراهیم بن حسن بن علی بن ابی طالب عن ابیه عن جده قال: قال رسول اللہ ﷺ: یظهر فی امتی فی اخر الزمان قوم یسمون الرافضیة یرفضون الاسلام"

"اور ہروی، ابراہیم بن حسنؓ بن علیؓ بن ابی طالب سے وہ اپنے باپ سے اور وہ اس کے دادا سے روایت کرتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! آخر زمانہ میں میری امت میں ایک قوم ظاہر ہوگی رافضیہ نام دیئے جائیں گے، وہ اسلام کو چھوڑ دیں گے" (یہ روایت مسند بزار ص ۱۶۶ پر بھی نقل کی گئی ہے)

نوٹ:...... مذکورہ بالا تمام احادیث کو قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتیؒ صاحب تفسیر مظہری نے اپنی کتاب السیف المسلول میں جمع کر دیا ہے چنانچہ السیف المسلول کے اردو ترجمہ شدہ کتاب کے صفحہ نمبر ۵۱۶ تا ص ۵۱۹ پر یہ تمام احادیث یکجا دیکھی جا سکتی ہیں، (السیف المسلول از قاضی ثناء اللہ پانی پتی، اردو ترجمہ مولانا محمد رفیق اثری، ناشر فاروقی کتب خانہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان)

حضرت ابن عباسؓ سے مروی احادیث نبویہ ﷺ

(۱)...... عن ابن عباسؓ قال کنت عند النبی ﷺ وعنده علیؓ فقال النبی (ﷺ) یا علیؓ سیکون فی امتی قوم ینتحلون حب اهل البیت لهم نبزٌ یسمون الرافضة قاتلوهم فانهم مشرکون۔ (مجمع الزوائد جلد نمبر ۱ ص ۲۱)

حضرت ابن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ میں نبی ﷺ کے پاس تھا اور علیؓ بھی وہاں موجود تھے، نبی ﷺ نے فرمایا! اے علیؓ: میری امت میں ایک گروہ ہوگا جو اہل بیت کی محبت کا دعویٰ کریگا، انہیں رافضہ کہا جائیگا، ان سے قتال کرنا کیونکہ وہ مشرک ہوں گے"۔

(۲)...... عن ابن عباسؓ...... قال النبی ﷺ: یکون فی اخر الزمان قوم ینبذون یقال لهم الرافضة یرفضون الاسلام ویلفظونهٗ قاتلوهم فانهم مشرکون (مجمع الزوائد جلد نمبر ۱ ص ۲۲)

بحوالہ ابن عباسؓ...... نبی ﷺ نے فرمایا! آخر زمانہ میں ایک قوم ہوگی جو صحابہؓ کے بارے میں بدگمانی کیا کریگی ان کو رافضہ کہا جائیگا وہ اسلام کو پھینک دیں گے، تم ان سے جنگ کرنا کیونکہ وہ مشرک ہوں گے۔

Scanned by CamScanner

دیگر صحابہ کرامؓ سے مروی چند احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم

(۱) وعن فاطمة الزهراءؓ قالت نظر النبی ﷺ الیٰ علیؓ فقال: هٰذا فی الجنة وان من شیعة قوماً یرفضون الاسلام لهم نبز یسمون الرافضیة یا علیؓ اذا ادرکتهم فاقتلهم فانهم مشرکون، رواه الطبرانی والبغوی"

سیدہ فاطمہ زہراؓ، فرماتی ہیں کہ نبی ﷺ نے علیؓ کی طرف نظر کی اور فرمایا کہ یہ جنتی ہے، اسکے شیعہ (گروہ) میں ایک قوم ہے جو اسلام کو ترک کر دیں گے، ان کا نام رافضیہ ہوگا۔ اے علیؓ: جب تو انہیں پائے تو قتل کر دینا، کیونکہ یہ مشرک ہوں گے، اس روایت کو طبرانی اور بغوی نے نقل کیا ہے"۔

(۲)......"وروی الحافظ ابو موسیٰ المدینی والحافظ رضی الدین احمد بن اسمٰعیل بن یوسف بن الحاکم عن ابن عمرؓ عن النبی ﷺ انه قال لعلیؓ، یا علیؓ: انت فی الجنة، وسیکون بعدی قوم یقال لهم الرافضة فاذا ادرکتهم فاقتلهم فانهم مشرکون، فقال علیؓ، یارسول الله، وماعلامة هٰؤلاء قال علیه السلام لایرون الجمعة والجماعة ویشتمون ابابکرؓ وعمرؓ"

حافظ ابوموسیٰ المدینی اور حافظ رضی الدین احمد بن اسمٰعیل بن یوسف بن حاکم، بروایت ابن عمرؓ نقل کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے علیؓ سے کہا کہ تو جنتی ہے میرے بعد ایک قوم ہوگی انہیں رافضہ کہا جائیگا، جب تو انہیں پائے تو قتل کر دینا کیونکہ وہ مشرک ہوں گے، علیؓ نے کہا کہ یارسول اللہ (ﷺ) ان کی نشانی کیا ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ جمعہ اور جماعت کے قائل نہ ہوں گے اور ابوبکرؓ اور عمرؓ کو گالیاں دیں گے"

(۳)......واخرج الطبرانی والحاکم والمحاملی عن عویم بن ساعدة

قال: قال رسول الله ﷺ ان الله اختارلی اصحاباً وجعل فیهم وزراء وانصارا واصهارا، فمن سبّهم فعلیه لعنة الله والملائکة والناس اجمعین۔

طبرانیؒ، حاکمؒ اور محاملیؒ، عویم بن ساعدہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میرے لیے دوست (اصحاب) پسند فرمائے، ان میں وزیر، مددگار اور خاندان سسر بنائے، جو ان کو گالی دیگا اس پر اللہ کی اور فرشتوں کی اور جملہ انسانیت کی لعنت ہے" (مستدرک حاکم میں یہ روایت جلد نمبر ۳ ص ۶۳۲ پر ہے)

نوٹ:...... مذکورہ بالا تین احادیث بھی صاحب تفسیر مظہری قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ کی کتاب السیف المسلول کے شائع شدہ اردو ترجمہ کے ص ۵۱۸، ص ۵۱۹ پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

نیز ابن عدی نے ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے بطریق مرفوع نقل کیا ہے!

اِنَّ اَشْرَارَ اُمَّتِیْ اَجْرَ ؤُهُم عَلیٰ اَصْحَابِیْ

بلاشبہ میری امت کے سب سے برے لوگ وہ ہیں جو میرے صحابہؓ کے بارے میں گستاخ ہیں ایک اور حدیث مرفوع میں ہے! "یکون فی اٰخر الزمان قوم یسمون الرافضة یرفضون الاسلام فاقتلوهم فانهم مشرکون"

ترجمہ: آخر زمانہ میں ایسی قوم ہوگی جس کو رافضی کہا جائیگا، یہ لوگ اسلام کے تارک ہونگے پس تم ان کو قتل کرنا کیونکہ وہ مشرک ہوں گے" ایک اور روایت میں یوں فرمایا گیا ہے!

وینتحلون حبّ اهل البیت ولیسوا کذالك وایة ذلك انهم یسبّون ابابکرؓ و عمرؓ

ترجمہ: اور وہ لوگ اہل بیت کی محبت کا دعویٰ کریں گے، حالانکہ وہ ایسے نہیں ہوں گے، ان لوگوں کی نشانی یہ ہے کہ وہ ابوبکرؓ اور عمرؓ کو گالیاں دیں گے"

(مظاہر حق (جدید) شرح اردو مشکوٰۃ شریف، جلد پنجم ص ۶۴۸)

وضاحت:...... اصدق الصادقین خاتم المعصومین حضرت محمد ﷺ کے ان ارشادات گرامی

Scanned by CamScanner

کے ایک ایک لفظ کو بار بار غور سے پڑھتے جائیں، بغیر کسی وضاحت اور بغیر کسی تشریح کے غور کریں کہ کتنے صاف اور واضح الفاظ میں نبی کریم ﷺ آئندہ ظاہر ہونے والے "اشرار امتی" اس امت کے سب سے بُرے لوگوں کی نشانیاں بھی بتا رہے ہیں، پیش گوئی بھی فرما رہے ہیں اور ان راہزنوں کے مؤثر ترین ہتھیار "تقیہ" کی دھجیاں بھی بکھیر رہے ہیں کہ وہ اہل بیت کی محبت کے دعویدار ہوں گے، حالانکہ وہ ایسے نہیں ہوں گے بلکہ وہ اس محبتِ اہل بیت کی آڑ میں "صحابہ کرامؓ خصوصاً حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ کو گالیاں دیں گے، اور ان کی حقیقت بھی بیان فرما رہے ہیں کہ وہ اسلام کو چھوڑ دیں گے بلکہ پھینک دیں گے اور وہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے اور ان کا نام بھی واضح فرما رہے ہیں کہ وان من شیعتہ...... "کہ وہ قوم حضرت علیؓ کے شیعہ ہونے کی دعویدار ہوگی اور اس کا نام رافضی ہوگا، مزید نشانیاں بھی بتلا رہے ہیں کہ وہ لوگ نہ جمعہ کے قائل ہوں گے اور نہ ہی جماعت کے قائل ہوں گے اور حضرت علیؓ کی تعریف میں ایسی باتیں لائیں گے جو ان میں نہیں ہیں تمام نشانیاں تمام علامات اور ان کے دعوے اور کرتوت بیان فرما کر آپ ﷺ ان کا حکم اور ان راہزنوں کا علاج بھی بیان فرما رہے ہیں کہ اگر تم ان لوگوں کو پالو تو ان کو قتل کر دینا، ان سے جنگ کرنا، ان سے جہاد کرنا، ان سے قتل و قتال کرنا کیونکہ یہ لوگ مشرک ہونگے۔

آپ ﷺ کی احتیاط پر غور فرمائیں کہ یہ تمام نشانیاں بتا رہے ہیں تو حضرت علیؓ کو مخاطب کر کے ارشاد فرما رہے ہیں اور ایسے لوگوں سے قتال کرنے کا حکم بھی حضرت علیؓ کو ارشاد فرما رہے ہیں اور اب ذرا مزید غور فرمائیں کہ ان احادیث کو روایت کرنے والے کون لوگ ہیں چنانچہ ان احادیث کو بیان فرمانے والے خود حضرت علیؓ ہیں، حضرت ابن عباسؓ ہیں، حضرت فاطمۃ الزہراءؓ ہیں، حضرت عائشہ صدیقہؓ ہیں، حضرت ابن عمرؓ ہیں اور عویم بن ساعدہؓ ہیں۔

دعوت فکر......!:

ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ تمام باتوں کو ایک طرف رکھ کر تمام تعصبات کو پسِ پشت

ڈال کر ایک لمحہ کے لیے ان احادیث نبویہ ﷺ پر غور فرمائیں اور فیصلہ کریں کہ جو جو علامات اور نشانیاں آپ ﷺ نے بیان فرمائی ہیں کیا وہ آج ہمارے دور کے شیعوں میں نہیں پائی جاتی ہیں!!!

ہم پوچھنا چاہتے ہیں کہ آج ہمارے دور کے شیعوں میں وہ کونسی علامات اور نشانیاں ہیں جو آپ ﷺ کے بیان کے مطابق نہیں ہیں!!! ہم سوال کرتے ہیں کہ کیا آج ہمارے دور کا شیعہ حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضراتِ حسنین کریمینؓ اور اہل بیتؓ کی محبت کا دعویٰ کر کے، نعرہ لگا کر، محبت اہل بیتؓ کے روپ میں آ کر کھلے عام تقریراً و تحریراً صحابہ کرامؓ خصوصاً حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ کو گالیاں نہیں دے رہا ہے؟ بلکہ اس سے بھی دو ہاتھ آگے بڑھ کر انہیں منافق، کافر، مرتد، لعنتی اور جہنمی نہیں کہہ رہا ہے؟ (معاذ اللہ)

جناب والا......! حقائق کو جھٹلایا نہیں جا سکتا ہے، بلکہ حقیقت حال سے واقف ہر شخص بخوبی جانتا ہے کہ آج ہمارے دور کا شیعہ ان تمام غلاظتوں کو نہ صرف جائز سمجھ کر بلکہ عبادت اور اہم ترین عبادت بلکہ ایسی عبادت کہ جس کے ادا کیے بغیر نماز جیسی عبادت بھی قابل قبول نہیں ہوتی، قرار دے کر سر انجام دے رہا ہے، اس کی ترغیب دے رہا ہے اس کو فروغ دے رہا ہے اور کھلے عام اس کی تبلیغ کر رہا ہے۔

مسلمانو! جب آج کا شیعہ اسقدر ڈھٹائی اور خباثت پر اترا ہوا ہے تو پھر سوچنے کی بات ہے کہ امت مسلمہ ایسے میں کیوں خاموش ہے؟ کیا ہم نے یہ سمجھ لیا ہے کہ آپ ﷺ کا حکم **"فاقتلوھم فانھم مشرکون"** کہ تم انہیں قتل کر دینا کیونکہ یہ مشرک ہوں گے، یہ صرف حضرت علیؓ کے لیے ہی تھا، کیا ہم آج حضرت علیؓ کی آمد کے منتظر رہیں کہ وہی ان کو قتل کرینگے چونکہ آپ ﷺ نے حضرت علیؓ کو مخاطب کر کے یہ حکم ارشاد فرمایا تھا ہمیں نہیں کہا......!!! نہیں ایسا ہرگز نہیں ہے بلکہ آپ ﷺ کا حکم قیامت تک آنے والے مسلمانوں کے لیے عام ہے کہ جب بھی جسے بھی، یہ لوگ مل جائیں انہیں قتل کر دینا کیونکہ یہ لوگ مشرک ہیں یہ لوگ امت میں بدترین لوگ ہیں، ان لوگوں پر اللہ کی، ملائکہ اور تمام انسانیت

Scanned by CamScanner

کی لعنت ہے۔

جہاں تک حضرت علی المرتضیٰؓ کا معاملہ ہے تو انہوں نے اپنے دور خلافت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان احکامات پر سختی کے ساتھ عمل کر کے، ایمان پر حملہ آور ان راہزنوں کا علاج انتہائی شدت کے ساتھ کیا، کبھی ان لوگوں سے نرمی نہیں برتی بلکہ حضرت علیؓ کے دور خلافت کے متعدد واقعات، خطبات اور فیصلہ جات اس پر شاہد ہیں کہ حضرت علیؓ نے اس قوم کے ظاہر ہونے پر بتدریج اولاً ان کو سمجھایا، لوگوں کو جمع کر کے خطبے دیئے جن میں حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ اور تمام صحابہ کرامؓ کے فضائل بیان فرمائے اور ان کی گستاخی پر سخت سزا دینے اور مواخذہ کرنے کا اعلان کیا اور پھر ثانیاً مختلف فیصلہ جات فرما کر سزائیں بھی جاری کیں، یوں جیسے جیسے فتنہ بڑھتا گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے مطابق نشانیاں پوری ہوتی گئیں تو حضرت علیؓ نے اس سازشی فتنے اور راہزنوں کے اس ٹولے کے بانی اور سرغنہ عبداللہ بن سبا اور اس کے پیروکاروں کو نہ صرف قتل کیا بلکہ لوگوں کی عبرت اور اس فتنے کی سنگینی کو واضح کرنے کے لیے آگ میں ڈال کر جلوا دیا اور بعد میں آنے والوں پر یہ بات واضح کر دی کہ یہ لوگ عام کفار کے مقابلے میں زیادہ سختی اور شدت کے قابل ہیں۔
چنانچہ حضرت علیؓ نے اپنا حق ادا کر دیا اور بخوبی ادا کر دیا اب بعد میں آنے والوں کا یعنی میرا اور آپ کا فرض ہے اللہ تعالیٰ ہمیں بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق حضرت علیؓ کی سیرت پر عمل کرتے ہوئے ان شیعہ راہزنوں کے خلاف پوری قوت اور شدت کے ساتھ نبرد آزما ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

امتِ مسلمہ کے جوانو!

ہماری جوانی، طاقت اور شباب کے عالم میں شیعت کا کفریہ ٹولہ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق "اشـرار امتـی" "اس امت کے بدترین لوگ اہل بیتؓ کی محبت کا روپ اختیار کر کے" تمام صحابہ کرامؓ خصوصاً حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ اور امہات المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہؓ، حضرت حفصہؓ اور حضرت ام حبیبہؓ پر سب و شتم کر کے، انہیں

منافق، کافر، مرتد، جہنمی اور لعنتی کہہ کے تمہاری غیرت کو للکار رہا ہے تمام عقائد اسلام کے مقابلے میں کفریہ نظریات کو دین کے نام پر فروغ دے کر ان کی سرعام تبلیغ کر کے امت مسلمہ کے ایمانوں پر حملہ آور ہو رہا ہے بلکہ اب ان کفریہ نظریات کو نافذ کرنے کے لیے ہمارے ملک میں طاقت کے مظاہرے کر رہا ہے ایسے میں تم کہاں ہو......؟ تمہاری غیرت کہاں ہے......؟ تمہاری طاقت، جوانی اور شباب کہاں ہے......؟

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان ارشادات کا ایک ایک لفظ تمہیں پکار رہا ہے، تمہاری غیرت کو جھنجوڑ رہا ہے اور تم سے مطالبہ کر رہا ہے کہ ایمان کی بنیادوں پر حملہ آور، سب سے زیادہ نقصان دہ اور ضرر رساں راہزنوں کے اس ٹولے شیعہ زندیقوں کے خلاف پوری قوت اور شدت کیساتھ میدان میں اتر جاؤ اور ان سے جنگ، جہاد اور قتال کر کے انہیں تہہ تیغ کر دو۔ ہے کوئی جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے "سچا عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم" ہونے کا ثبوت پیش کر سکے۔ اللہ پاک ہم سب کو عمل کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

چنانچہ......! نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے بعد اب ہم حضرت علی المرتضیٰؓ کے ان اہم خطبات، فیصلہ جات میں سے چند ایک کو پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں جو حضرت علیؓ نے اپنے دورِ خلافت میں ارشاد فرمائے اور اسوقت نافذ کیے جب اس فتنے نے کل پرزے نکالنا اور ظاہر کرنا شروع کیے تھے۔

Scanned by CamScanner

اللہ کے نزدیک روافض (شیعوں) سے زیادہ اور کوئی بھی روئے زمین پر مبغوض نہیں ہے

چوتھے خلیفہ راشد حضرت علی المرتضیٰؓ کا اہم خطبہ:

"اخرج الحافظ ابوسعيد بن على بن الحسين بن سمان عن سمان عن سويد بن غفلة، انهٔ قال قالت لعلىؓ: انا مررت بقوم من الشيعة يذكرون ابابكرؓ و عمرؓ وينقصو نهما ولولا يعلمون انك تظمرهم ما عليه لم يجنر واعلىٰ ذٰلك فقال علىؓ: اعوذ بالله عز وجل ان اضمر لهما الّا الحسن الجميل، اخو الرسول اللهﷺ وزيراه ثم نهض دامع العين يبكى قابضا علىٰ يديه حتىٰ صعد المنبر قابضاً لحيته فينظر فيها وهى بيضاء وقد اجتمع الناس، فقام وخطب خطبة موجزة فقال: مابال اقوام يذكرون سيدى قريش وابوى المؤمنين بما انا عنه منزه وممّا يقولون معاقب۔ فوالذى خلق الحبّة وبرء النسمة انه لايحبهما الّا مؤمن، ولا يبغضهما الّا فاجر ردّى، من لكم بمثلهما، من احبهما فقد احبّنى ومن ابغضهما فقد ا بغضنى وانا منه برئ، فقال: ان قوماً يفضلو ننى عليهما فى قلوبهم بقية من النفاق، يريدون فرقة اهل الاسلام واختلاف الامة قد نبانى بخبرهم رسول اللهﷺ وامرنى بقتلهم اخوان العلانية، اعداء السريره، يحسن الكذب عندهم ويظهر الفجور بينهم يطلون المصاحف ويتواصلون الفجور بشتم اصحاب رسول اللهﷺ ورضى عليهم والوقيعة فيهم واتباع ماشجر بينهم ما قد غفر الله تعالىٰ لهم، يتعلم الصغير من الكبيره وير بو علىٰ ذٰلك الصغير حتّى يكون كبيرا۔ فيندرس السنة ويحيىٰ

البدعة المتمسك بسنة رسول اللهﷺ فى ذٰلك افضل المجاهدين فطوبىٰ لهم لم يدرج علىٰ وجه الارض ابغض علىٰ الله من الروافض ارض الله سبحانه عليهم غضباء والسماء تظل كارهة لهم علماء هم يومئذ شر من اظل السماء من عندهم، تخرج الفتنة وفيهم تعود، اولٰئك يسمون فى ذٰلك السمٰوٰت والرض الارجاس"

ترجمہ: "حافظ ابوسعید بن علی بن حسین بن سمان روایت کرتا ہے سمان سے اور سمان روایت کرتا ہے سوید بن غفلہ سے، وہ کہتا ہے کہ: میں نے (حضرت) علیؓ سے کہا کہ میں ایک قوم شیعہ کے پاس سے گزرا تو وہ ابوبکرؓ اور عمرؓ کی تنقیص کر رہے تھے، اگر وہ آپ کے اندرونی خیالات جو ان کے متعلق ہیں نہ جان چکے ہوتے تو ایسا نہ کہتے، تو (حضرت) علیؓ نے فرمایا کہ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ ابوبکرؓ اور عمرؓ کے بارے میں اچھے خیالات کے علاوہ کوئی بات دل میں لاؤں، وہ دونوں رسول اللہ ﷺ کے بھائی اور وزیر تھے، پھر حضرت علیؓ آنسوؤں کے ساتھ روتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھوں کو بند کر کے منبر پر چڑھے اور اپنی داڑھی پکڑی جو کہ سفید ہو رہی تھی، لوگ بھی جمع ہو گئے، تو آپؓ نے کھڑے ہو کر مختصر خطبہ دیا اور فرمایا: ان قوموں کا کیا حال ہے جو قریش کے دو سرداروں اور مؤمنین کے روحانی باپوں کا تذکرہ ایسے کرتے ہیں کہ جس سے میں پاک وصاف ہوں، اور جس نے بھی ایسا کیا میں اس پر ان لوگوں کو سزا دوں گا، اس ذات کی قسم جس نے دانے کو پیدا کیا اور روح کو بنایا ان دونوں (حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ) سے ایمان والے ہی محبت کرتے ہیں، اور فاجر اور ردّی لوگ ہی ان دونوں سے بغض رکھتے ہیں، ان دونوں حضرات کی مثال تم کہاں سے لا سکتے ہو؟ جو ان دونوں سے محبت کرتا ہے وہ مجھ سے محبت کرتا ہے اور جو ان دونوں سے بغض رکھتا ہے وہ مجھ سے بغض رکھتا ہے میں اس سے بری ہوں۔

نیز فرمایا کہ ایک قوم ان دونوں حضرات پر مجھے فضیلت دیتی ہے اس قوم کے دل میں نفاق ہے اور یہ مسلمانوں میں افتراق پیدا کرنا چاہتے ہیں اور امت میں اختلاف پیدا کرنا چاہتے ہیں ان لوگوں کے بارے میں مجھے رسول اللہ ﷺ نے اطلاع دی تھی اور مجھے حکم دیا

Scanned by CamScanner

کہ میں ان لوگوں کو قتل کر دوں، یہ ظاہر کے بھائی اور اندر کے دشمن ہیں، ان کے ہاں جھوٹ بولنا اچھی چیز ہے اور ان میں گناہ عام ہے یہ لوگ مصاحفِ قرآن کا انکار کرتے ہیں اور رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ کو گالیاں دے کر گناہ کماتے ہیں اور ان باتوں کے پیچھے پڑتے ہیں جو صحابہؓ کے درمیان آپس میں اختلافات ہوئے تھے، حالانکہ اللہ تعالیٰ ان کو معاف کر چکا ہے، چھوٹا بڑے سے یہ باتیں سیکھتا ہے اور اسی ماحول میں تربیت پاتے ہوئے بڑا ہوتا ہے پس پھر وہ سنت کو مٹاتا ہے اور بدعت کو زندہ کرتا ہے، چنانچہ اس بارے میں جس نے رسول اللہ ﷺ کی سنت کی اتباع کی وہ افضل المجاہدین ہے پس ان کے لیے خوشخبری ہے اللہ کے نزدیک روافض (شیعوں) سے زیادہ اور کوئی بھی روئے زمین پر مبغوض نہیں ہے۔ اللہ کی زمین اِن پر ناراض ہے اور آسمان ناپسندیدگی کے عالم میں ان پر سایہ فگن ہے ان کے علماء آسمان کے نیچے رہنے والوں میں سے سب سے بدترین لوگ ہیں، انہی سے فتنے نکلیں گے اور انہی کی طرف لوٹیں گے، آسمانوں اور زمین میں یہ لوگ گندگی کا نام دیے گئے ہیں''

(بحوالہ: السیف المسلول از قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ، اردو ترجمہ مولانا محمد رفیق اثری ص۵۲۲، ص۵۲۳ ناشر فاروقی کتب خانہ ملتان)

حضرت علی المرتضیٰؓ کے خطبے مختلف کتب میں مختلف اسناد اور الفاظ کے ساتھ جابجا دیکھے جاسکتے ہیں: چند ایک پیش خدمت ہیں:

ان سویدبن غفلة دخل علیٰ علی بن طالب فی امارتہٖ فقال یا امیر المؤمنین انی مررت بنفریذکرون ابابکرؓ و عمرؓ بغیر الذی ھما اھل لہ من الاسلام فنھض الیٰ المنبر وھو قابض علیٰ یدی فقال: والذی خلق الحبّة وبرأالنسمة لا یحبھما الّا مؤمن فاضل ولا یبغضھما ولا یخالفھما الّا شقیٌّ مارق۔ حبّھما قربة وبُغضھما مروق مابال اقوام یذکرون اخوَیْ رسول اللہ ﷺ ووزیریہ وصاحبیہ وسیّدی قریشٍ وابوی المسلمین، وانا بریءٌ ممن یذکر ھما بِسُوءٍ وعلیہ معاقب''

سوید بن غفلہ حضرت علیؓ کی خلافت کے زمانے میں ایک مرتبہ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ اے امیر المؤمنین میرا ایسے لوگوں کے پاس سے گزر ہوا جو حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی شان میں تنقیص کر رہے تھے، یعنی ان کے متعلق ایسی باتیں کہہ رہے تھے کہ جن کے وہ اسلام میں اہل اور لائق نہیں ہیں، پس حضرت علیؓ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مسجد میں منبر پر تشریف لے گئے اور خطبہ دیکر فرمانے لگے اس ذات کی قسم جس نے دانہ کو پھاڑا (پودا اور درخت بنایا) اور روح کو پیدا کیا ابوبکرؓ اور عمرؓ کو مومنِ کامل کے بغیر دوسرا آدمی دوست نہیں رکھتا اور انتہائی بدبخت آدمی کے بغیر دوسرا کوئی ان کے ساتھ بغض و عداوت نہیں رکھتا ان دونوں (ابوبکرؓ و عمرؓ) کے ساتھ دوستی اللہ کی نزدیکی کا باعث ہے اور ان کے ساتھ دشمنی (بغض) دین اسلام سے دوری ہے۔ ان لوگوں کا کیا حال ہے جو لوگ نبی کریم ﷺ کے دونوں بھائیوں اور وزیروں اور ساتھیوں اور قریش کے سرداروں اور مسلمانوں کے اکابر کو برائی کے ساتھ یاد کرتے ہیں جو بھی ان کو برائی کے ساتھ یاد کرے گا میں ایسے شخص سے بری اور بیزار ہوں اس پر (دنیا و آخرت) کی سزائیں لازم ہیں''۔

((۱) حلیۃ الاولیاء جلد نمبر ۷ ص ۲۰۱ تذکرہ شعبہ بن حجاج۔ (۲) سیرۃ عمر بن الخطابؓ (لابن الجوزی) ص ۳۲ طبع مصر) ((۳) کنز العمال جلد نمبر ۶ ص ۳۶۹، ص ۳۷۰ بحوالہ خیثمہ، ابن مندہ و ابن عساکر وغیرھم۔)

......عن ابی الزعراء عن زید بن وھب ان سوید بن غفلة دخل علیٰ علی فی امارتہ فقال: انی مررت بنفریذکرون ابابکرٍ وعمر یرون انک تضمر لھما مثل ذٰلک، منھم عبداللہ بن سباو کان عبداللہ اوّل من اظھر ذٰلک فقال علیؓ: مالی ولھٰذا الخبیث الاسود، ثم قال معاذ اللہ ان اضمر لھما الّا الحسن الجمیل، ثم ارسل الیٰ عبداللہ بن سبا فسیرہ الیٰ المدائن، فقال: لایساکننی فی بلدة ابدا، ثم نھض الیٰ المنبر حتیٰ اجتمع الناس فذکرہ القصة فی ثنائہٖ علیھما بطولہ وفی

Scanned by CamScanner

اخره الا ولا ينبغى عن احدٍ يفضلنى عليهما الّا جلدة حدّ المفترى"

سوید بن غفلہ حضرت علیؓ کی خلافت کے زمانے میں ان کے پاس حاضر ہوا اور عرض کی کہ ایک جماعت کے ہاں میرا گزر ہوا جو ابوبکرؓ اور عمرؓ کی عیب جوئی اور تنقیص کر رہے تھے اور وہ لوگ یہ بھی خیال رکھتے ہیں کہ آپ بھی اپنے دل میں ان کے حق میں اسی طرح بدگمانی رکھتے ہیں اس جماعت میں عبداللہ بن سبا بھی ہے اور عبداللہ بن سبا پہلا وہ شخص ہے جس نے شیخینؓ کے حق میں بدگمانی کا اظہار کیا ہے۔ یہ سن کر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ: مجھے اس کالے خبیث (عبداللہ بن سبا) سے کیا تعلق ہے پھر فرمایا کہ معاذ اللہ یعنی اللہ کی پناہ کہ میں ان دونوں (ابوبکرؓ و عمرؓ) کے متعلق حسنِ ظن کے بغیر کوئی چیز دل میں لاؤں، پھر عبداللہ بن سبا کی طرف آدمی روانہ کیا کہ اس کو مدائن کی طرف جلاوطن کر دیا جائے اور فرمایا کہ یہ شخص ہمارے شہر میں مقیم نہیں رہ سکتا۔ اس کے بعد حضرت علیؓ منبر پر تشریف لائے، لوگ جمع ہو گئے آپؓ نے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے حق میں ثنائے جمیل کی اور ان کی فضیلت کے ذکر خیر کا بڑا طویل بیان کیا، اس خطبہ کے آخر میں اعلان فرمایا کہ جو شخص ابوبکرؓ و عمرؓ پر مجھے فضیلت دے گا اور مجھے ان سے افضل سمجھے گا میں اس شخص پر مفتری (کذاب) کی حد جاری کروں گا"

(نوٹ)...... مفتری کی حد اسی کوڑے ہوتی ہے)

((ا) لسان المیزان (لابن حجر عسقلانیؒ) جلد ثالث ص ۲۹۰ تحت عبداللہ بن سبا۔
(نمبر سلسلہ ۱۲۲۵))

نوٹ:...... حضرت علی المرتضیٰؓ کے خطبے مختلف اسناد کے ساتھ بے شمار کتابوں میں کثرت کے ساتھ دیکھے جا سکتے ہیں چنانچہ ہم ذیل میں صرف کتابوں کے نام اور صفحہ نمبر کا حوالہ دینے پر ہی اکتفاء کرتے ہیں۔

(۱)...... المستدرک (للحاکمؒ) جلد نمبر ۳ ص ۱۳۶، کتاب معرفۃ الصحابۃؓ باب مبارکۃ علیؓ بعض اصحابہ......۔

(۲)...... کتاب الکنیٰ (للدولابیؒ) جلد اول ص ۱۵۵ باب، الحاء من الکنیۃ ابی حکیمۃ، طبع حیدر آباد دکن۔

(۳)...... حلیۃ الاولیاء (لابی نعیم الاصفہانی رحمہ اللہ) جلد نمبر ۸ ص ۲۵۳ تذکرہ یوسف اسباط۔

(۴)...... فضائل ابی بکر الصدیقؓ (لابی طالب العشاری) ص ۹ مع ثلاثیات البخاری و شرحہا۔

(۵)...... کنز العمال جلد نمبر ۶ ص ۳۷۱ بحوالہ العشاری والملا لکائی طبع اول قدیم۔

(۶)...... تاریخ الخلفاء (للسیوطی رحمہ اللہ) ص ۳۵ فصل فی انہ افضل الصحابہؓ مطبوعہ دہلی۔

(۷)...... کنز العمال (للعلی المتقی الہندی) جلد نمبر ۶ ص ۳۶۶، روایت نمبر ۵۷۲۷ بحوالہ خط فی تلخیص المتشابہ۔ طبع اول قدیمی حیدر آباد دکن"۔

(۸)...... فضائل ابی بکر الصدیقؓ ص ۸ مطبع انصار السنۃ، مصر، سن طباعت ۱۳۵۸ھ، ۱۹۳۹ء۔

(۹)...... الاعتقاد علیٰ مذہب السلف (للبیہقیؒ) ص ۱۸۷ طبع مصر۔

(۱۰)...... ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء (از شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ) جلد اول ص ۶۸ و ص ۳۱۷ طبع قدیم بریلی۔

حضرت علی المرتضیٰؓ کے بحیثیت امیر المؤمنین اور خلیفۃ المسلمین اپنے زمانہ خلافت میں دیئے گئے خطبات کے چند حوالہ جات کتب اسلامیہ میں پیش کرنے کے بعد اب کتب شیعہ سے اقراری گواہی کے طور پر مذہب شیعہ کی کتاب "اطواق الحمامۃ" میں موجود حضرت علیؓ کا خطبہ پیش خدمت کرنا مناسب سمجھتے ہیں۔

"عن سويد بنِ غفلةانّه قال مررتُ بقومٍ ينتقصون ابابكرؓ و عمرؓ، فاخبرت عليًّا وقلتُ لولا انهم يرون انك تضمر ما اعلنوا ما اجترؤاعلىٰ ذٰلك منهم عبدالله بن سبا و كان اوّل من اظهر ذٰلك فقال عليٌّ:اعوذ بالله، رحمهما الله تعالىٰ ثم نهض و اخذ بيدى وادخلنى المسجد فصعد المنبر ثم قبض لحيتة وهى بيضاء فجعلت دموعه لتجاوز علىٰ لحيته وجعل ينظر للبقاع حتىٰ اجتمع الناس ثم خطب

Scanned by CamScanner

فقال: ما بال اقوامٍ یذکرون اخوی رسول اللہ ﷺ ووزیریہ وصاحبیہ وسیّدی قریش وابوَیْ المسلمین وانا بری ممّا یذکرون وعلیہ اعاقب، صحبا رسول اللہ (ﷺ) بالجد والوفاء فی امر اللہ یأمران وینھیان ویقضیان ویعاقبان، لایریٰ رسول اللہ ﷺ کرأیھما رأیا ولا یحب کحبھما حباً والمسلمون راضون فما تجاوز والی امرھما وسیر تھما رأی رسول اللہ ﷺ وامرہ فی حیاتہ وبعد موتہ وقبض علیٰ ذٰلک رحمھما اللہ تعالیٰ، فوالذی خلق الحبّۃ وبریٔ النسمۃ لا یحبّھما الّا مؤمن فاضل، ولا یبغضھما الّا شقی مارق، وحبّھما قربۃ وبغضھما مروق"

سوید بن غفلہ کہتا ہے کہ میرا ایک قوم کے پاس سے گزر ہوا وہ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے حق میں تنقیص وحقارت بیان کرر ہے تھے میں نے جا کر حضرت علیؓ کو خبر دی، اور کہا کہ ان لوگوں کا خیال یہ ہے کہ جس چیز کا انہوں نے اظہار کیا ہے وہ بات آپ بھی اپنے سینے میں چھپائے بیٹھے ہیں ورنہ وہ اس کی جرأت کیسے کر سکتے تھے، اس قوم میں عبداللہ بن سبا بھی تھا، اور ابن سبا پہلا وہ شخص ہے جس نے (شیخینؓ کی حقارت اور علیؓ کی برتری) کا مسئلہ کھڑا کیا تھا، تو اس وقت حضرت علیؓ نے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف پناہ پکڑتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں (ابوبکرؓ وعمرؓ) پر اپنی رحمت نازل فرمائے۔ پھر آپؓ اٹھے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے مسجد میں داخل کیا، اور خود منبر پر تشریف لے گئے، اپنی داڑھی مبارک پر ہاتھ رکھا، آپ کے آنسو بہنے لگے، داڑھی مبارک آنسوؤں کی وجہ سے تر ہو گئی تھی، آپؓ مسجد کے مقامات کی طرف نظر اٹھا کر دیکھتے رہے یہاں تک کہ لوگ مسجد میں جمع ہو گئے، پھر آپؓ نے خطبہ دیا اور فرمایا: ایسے لوگوں کا کیا حال ہے جو حضور ﷺ کے دونوں بھائیوں اور دونوں وزیروں اور دونوں ساتھیوں اور قریش کے سرداروں اور مسلمانوں کے دونوں اکابر کا (تحقیر و تنقیص کیساتھ) ذکر کرتے ہیں، میں ان لوگوں کی اس حرکت سے بالکل بری ہوں اور ان لوگوں کو اس بات پر سزا دوں گا۔

یہ دونوں رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں وفاداری کے ساتھ رہے، خدا کے حکم کے موافق حکمرانی کرتے رہے اور زجر وتوبیخ (شرع کے موافق) کرتے تھے، خصومات کے فیصلے کرتے اور سزائیں دیتے تھے۔ حضور ﷺ ان دونوں کی رائے کے موافق کسی اور کی رائے کو وزن نہیں دیتے تھے اور نہ ان جیسا کسی کو دوست رکھتے تھے۔ اس لیے کہ دین کے معاملے میں ان کی پختہ عزمی رسول اللہ ﷺ پر واضح تھی۔ حضور ﷺ ان دونوں سے راضی اور خوشنودی کی حالت میں رخصت ہوئے اور تمام مسلمان بھی ان دونوں سے راضی اور خوش تھے۔ اپنے دستور اور سیرت میں یہ دونوں حضرات رسول اللہ ﷺ کی رائے سے بالکل بھی متجاوز نہیں ہوئے خواہ یہ معاملہ حضور ﷺ کی حیات مبارکہ میں ہوا ہو یا بعد از وفات پیش آیا ہو، اس حال پر ہی ان دونوں کا انتقال ہوا اللہ تعالیٰ دونوں پر رحم فرمائے۔ آمین۔

پس اس ذات کی قسم جس نے دانہ اور روح کو پیدا کیا بلند درجے کا مومن ہی ان دونوں کے ساتھ محبت رکھتا ہے اور بدنصیب اور بے دین شخص ہی ان کے ساتھ بغض و عداوت رکھتا ہے، ان دونوں کے ساتھ دوستی (محبت) نیکی اور خدا کی نزدیکی کا باعث ہے اور ان کے ساتھ عداوت اور بغض و بدگمانی دین سے خارج ہونا (یعنی کفر) ہے"۔

(اطواق الحمامۃ از امام مؤید باللہ یحییٰ بن حمزہ الزیدی الشیعی) (در اواخر کتاب ھذا ذکر نمودہ)

حضرت علی المرتضیٰؓ کے اپنے زمانۂ خلافت کے چند فیصلے......!

کتاب الآثار میں امام قاضی ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت کرتے ہوئے حضرت علی المرتضیٰؓ کا فیصلہ نقل فرماتے ہیں......!!

قال حدثنا یوسف عن ابیہ عن ابی حنیفۃ ان رجلاً اتیٰ علیاً رضی اللہ عنہ فقال مارأیتُ احدًا خیراً منک فقالہ ھل رأیت النبی ﷺ قال: لا۔ قال ھل رأیت ابابکرؓ و عمرؓ قال لا! قال: لواخبرتنی انک رایت النبی ﷺ ضربتُ عنقک ولواخبرتنی انک رایت ابابکرؓ و عمرؓ لا وجعتک عقوبۃ۔

خلاصہ روایت یہ ہے کہ! ایک شخص حضرت علیؓ کے پاس آ کر کہنے لگا کہ میں نے آپ

Scanned by CamScanner

سے بہتر کوئی آدمی نہیں دیکھا، تو حضرت علیؓ نے اس کو فرمایا کہ تو نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کیا ہوا ہے......؟ اس نے کہا کہ نہیں۔ پھر حضرت علیؓ نے پوچھا کہ کیا تم نے ابوبکرؓ و عمرؓ کو دیکھا ہوا ہے......؟ اس شخص نے کہا کہ نہیں دیکھا، حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اگر تو یہ بتلاتا کہ تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہوا ہے تو میں تیری گردن اڑا دیتا۔ اور اگر تو یہ بیان کرتا کہ تم نے ابوبکرؓ اور عمرؓ کو دیکھا ہوا ہے، تو میں تجھے دردناک سزا دیتا۔ (کتاب الآثار (لامام قاضی ابو یوسف) ص ۲۰۷ روایت نمبر ۹۲۴ طبع لجنۃ احیاء معارف النعمانیہ حیدر آباد دکن)

نوٹ:...... یہی روایت دیگر اسناد کے ساتھ مندرجہ ذیل کتب میں اس طرح مروی ہے۔

(۱)...... ثناء الحسین بن ابی زید، نابهلول بن عبید، عن الحسن بن کثیر عن ابیه قال اتیٰ علیاً رجلٌ...... الخ۔

(فضائل ابی بکر الصدیقؓ (لابی طالب العشاری) ص ۸ مع شرح ثلاثیات البخاری)

(کنز العمال جلد نمبر ۶ ص ۳۷۰ روایت نمبر ۵۷۷۸ بحوالہ العشاری، طبع اوّل قدیم)

فائدہ:...... مذکورہ بالا تینوں روایات سے پتہ چلا کہ حضرت علیؓ کا فیصلہ یہ ہے کہ جو شخص حضرت علیؓ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل سمجھے اس کی گردن اڑا دی جائے اور جو شخص حضرت علیؓ کو حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ سے افضل سمجھے تو اس کو دردناک سزا دی جائے۔

قابلِ غور بات!...... یہاں یہ بات یاد رکھیں کہ حضرت علیؓ کا یہ فیصلہ ان لوگوں کے لیے ہے جو حضرت علیؓ کو حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ پر فضیلت دیتے ہوں۔ یعنی صرف حضرت علیؓ کو حضرت ابوبکرؓ اور عمرؓ سے افضل جانتے ہوں، یہاں افضل جاننے سے مراد یہ ہے کہ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی شان میں گستاخی اور تنقیص کیے بغیر ان پر حضرت علیؓ کو فضیلت دینا، ورنہ اگر کوئی شخص حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی شان میں گستاخی کا ارتکاب بھی کرے تو ایسے شخص کے لیے حضرت علیؓ کا فیصلہ کچھ اور ہے۔

چنانچہ آیئے دیکھتے ہیں کہ ایسے گستاخ لوگوں کے لیے حضرت علیؓ کیا فیصلہ فرماتے ہیں......!!!

حضرت علی المرتضیٰؓ کا اپنے دورِ خلافت میں کیا ہوا فیصلہ!

حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کا گستاخ واجب القتل ہے:

ثنا ابوبکر الهذلی...... عن ابی سیرین عن عبیدة السلمانی قال: بلغ علی ابن ابی طالبؓ ان رجلا یعیب ابابکرؓ وعمرؓ۔ فارسل الیه فاتاه فعرّض له بعیبهما عنده فظن الرجل فقاله علی رضی الله عنه: اما والذی بعث محمداً صلی اللہ علیہ وسلم بالحق لو سمعتُ منك ما بلغنی عنك او شُهِدَت علیك لا لقیت اکثرك شعراً، قال ابن عرفة: یعنی ضرب العنق۔

عبیدہ سلمانی کہتا ہے کہ حضرت علیؓ کو یہ بات پہنچی کہ فلاں شخص حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی عیب جوئی کرتا ہے اور تنقیص کرتا ہے اس کی طرف آدمی روانہ کیا تو وہ شخص آ گیا، آپؓ نے اس کے سامنے تعریفاً حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی شان بیان کی، وہ شخص سمجھ گیا (کہ آپؓ میری گرفت کرنا چاہتے ہیں) پس حضرت علیؓ نے فرمایا! اس ذات کی قسم کہ جس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو برحق مبعوث فرمایا ہے اگر میں خود تجھ سے وہ چیز سن لیتا جو تیری طرف سے مجھ تک پہنچی ہے یا تجھ پر باقاعدہ شہادت گواہی قائم ہو جاتی تو میں تیرا سر قلم کر دیتا۔

(فضائل ابی بکر الصدیقؓ (لابی طالب العشاری) ص ۷ طبع مصری)

حضرت علی المرتضیٰؓ کا عمل:

حضرت علیؓ نے اپنے دورِ خلافت میں شیعہ سرغنوں کو آگ میں جلا کر ہلاک کیا جیسا کہ بخاری شریف کی اس روایت سے واضح ہو رہا ہے۔

"حدثنا علی بن عبدالله حدثنا سفیان عن ایوب عن عکرمة ان علیاً

Scanned by CamScanner

حرّق قوماً، فبلغ ابن عباسؓ فقال: لو كنت انا لم أُحَرِّقُهم لان النبیﷺ قال لا تعذبوا بعذاب الله ولقتلتهم كما قال النبیﷺ: من بدّل دينه فاقتلوه۔"

"ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے عکرمہ نے کہ علیؓ نے ایک قوم کو (جو عبداللہ بن سبا کی متبع تھی) آگ میں جلا دیا۔ جب یہ اطلاع ابن عباسؓ کو ملی تو انہوں نے کہا کہ اگر میں ہوتا تو انہیں نہ جلاتا، کیونکہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا کہ اللہ کے عذاب کی سزا کسی کو نہ دو۔ البتہ میں ان لوگوں کو قتل ضرور کرتا، کیونکہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ! جو شخص اپنا دین تبدیل کرے (یعنی اسلام کے بعد کافر ہو جائے) تو اسے قتل کر دو"۔

(بخاری شریف، کتاب الجہاد، باب لایعذب بعذاب اللہ)

شیعہ کی معتبر کتاب کا اقرار اور گواہی

مذہب شیعہ میں اسماء الرجال کی سب سے معتبر ترین کتاب "رجال کشی" میں علامہ کشی امام جعفر صادقؒ سے روایت کرتا ہے کہ "عبداللہ بن سبا کو حضرت علیؓ نے بہت سمجھایا اور توبہ کرنے کے لیے کہا، مگر اس نے نہ مانا بالآخر آپؓ نے اس بد بخت کو آگ میں جلوا دیا۔ اس کے علاوہ اسی کتاب "رجال کشی" میں امام جعفر صادقؒ کے حوالہ سے یہ بھی منقول ہے کہ "جنگ جمل کے بعد ستر آدمی جناب امیر (حضرت علیؓ) کے پاس لائے گئے جو اسی عبداللہ بن سبا کی بولی بولتے تھے اور انہوں نے بھی توبہ کرنے سے انکار کر دیا، تو ان سب کو بھی جناب امیر (حضرت علیؓ) نے آگ میں جلوا دیا۔ (از کتاب رجال کشی")

نوٹ:......"امام اہلسنت مولانا عبدالشکور لکھنوی فاروقی رحمۃ اللہ علیہ نے شیعہ کی کتاب "رجال کشی" کے حوالے سے ان دونوں روایات کو اپنی مشہور زمانہ تصنیف "تحفہ اہلسنت" مقدمہ تفسیر آیاتِ خلافت ص ۸ پر ذکر کیا ہے"

حضرت علیؓ کے سامنے جب فتنۂ رافضیت یعنی شیعت ظاہر ہونا شروع ہوا تو حضرت علیؓ فوراً نبی کریم ﷺ کی احادیث اور ہدایات کی روشنی میں اس خطرناک سازشی اور راہزن ٹولے کو پہچان گئے اور مختلف طریقے اختیار فرما کر اس فتنے کی بیخ کنی میں مصروف ہو گئے۔

جیسا کہ اوپر حضرت علیؓ کے خطبوں، سزاؤں کے اعلانات، فیصلوں اور عملی اقدامات کو مستند کتب اسلامیہ اور کتب شیعت سے نقل کیا گیا ہے، یہاں یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ جیسے جیسے اس فتنے نے ظاہر ہونا اور پھلنا پھولنا شروع کیا، حضرت علیؓ بھی ویسے ویسے ہی اقدامات اٹھاتے گئے۔

(ا)......چنانچہ جب حضرت علیؓ کو یہ اطلاع ملتی ہے کہ کچھ لوگ ایسے بھی وجود میں آ چکے ہیں جو حضرات شیخینؓ یعنی حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کی شان میں تنقیص کرتے

Scanned by CamScanner

ہیں اور ساتھ ساتھ وہ لوگ حضرت علیؓ کی محبت کا دم بھی بھرتے ہیں تو حضرت علیؓ اس اطلاع کے ملنے کے بعد غمگین ہو جاتے ہیں اور روتے ہیں پھر مسجد میں لوگوں کو جمع کر کے خطبہ ارشاد فرماتے ہیں جس میں حضرات شیخینؓ کی فضیلت اور بزرگی کو خوب کھول کھول کر بیان فرماتے ہیں اور شیخینؓ کی محبت کو ایمان اور شیخینؓ کی دشمنی کو کفر اور دین سے اخراج قرار دیتے ہیں اور ایسے لوگوں سے بیزاری اور برأت اور لاتعلقی کا اعلان کرتے ہیں جو شیخینؓ سے نفرت اور عداوت رکھتے ہوں اور ان لوگوں کو ایسی حرکت سے باز رہنے کی تلقین کرتے ہوئے یہ بھی اعلان فرماتے ہیں کہ میں ایسے لوگوں کو سزا دوں گا۔ حضرت علیؓ نے حضرات شیخینؓ اور تمام صحابہ کرامؓ کے مناقب اور فضائل پر مشتمل احادیث کو نہ صرف اپنے خطبوں کے ذریعے عام کرنا شروع کر دیا بلکہ ان احادیث کو باقاعدہ تحریری صورت میں مدوّن کر کے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے محفوظ کرتے ہوئے فتنہ رافضیت (شیعت) کے خلاف سب سے بڑی رکاوٹ کھڑی کر دی، چنانچہ آج ہم تدوین حدیث کے عنوان پر لکھی جانے والی کوئی بھی کتاب اٹھا کر دیکھ لیں تو صحابہ کرامؓ اور خصوصاً حضرات شیخینؓ کے فضائل اور مناقب کی تمام احادیث کی تدوین حضرت علیؓ کا ایک عظیم کارنامہ نظر آئے گا، وجہ صاف ظاہر ہے کہ اس خبیث فتنہ کے ظاہر ہونے سے پہلے عام لوگ صحابہ کرامؓ کی شان اور اس جماعت کی فضیلت اور تقدس کے قائل تھے تو اس مضمون کی احادیث کے جمع کرنے اور مدون کرنے کی ضرورت ہی نہیں تھی لیکن جیسے ہی دشمنانِ صحابہؓ یعنی شیعت نے ظاہر ہونا شروع کیا اور راہزنی کی وارداتیں کر کے ایمان پر حملہ آور ہوئے تو اب ضرورت پیش آئی اور حضرت علیؓ نے کوئی لمحہ ضائع کیے بغیر فضائل صحابہؓ پر مشتمل احادیث مبارکہ کو جمع کر کے محفوظ بھی کیا اور نشر کر کے پھیلانے کا اہتمام بھی فرما دیا۔ جو کہ آج محفوظ حالت میں ہم تک پہنچا اور جس کی بدولت راہزنوں کا یہ ٹولہ شیعہ لاکھ سازشوں کے باوجود بھی اپنے مقصد میں ناکام و نامراد ہے اور ان شاء اللہ تا قیامت ناکام و نامراد ہی رہے گا۔

(۲)...... پھر جب حضرت علیؓ کو یہ خبر بھی ملتی ہے کہ یہ بدبخت لوگ حضرت علیؓ کو حضرات

شیخینؓ پر فضیلت دینے کا دعویٰ کرتے ہیں تو حضرت علیؓ بڑے سخت الفاظ میں ان لوگوں کی مذمت اور تردید کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ایسا دعویٰ کرنے والوں کے لیے مختلف اوقات میں مختلف سزاؤں کا اعلان بھی فرماتے ہیں۔ جیسا کہ ماقبل میں مستند کتب اسلامیہ اور کتب شیعہ کے حوالہ جات نقل کیے گئے ہیں، جن سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت علی المرتضیٰؓ نے ایسے لوگوں کو جو حضرت علیؓ کو حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ پر فضیلت دیتے ہیں، منافق اور مسلمانوں میں فتنہ و فساد پھیلانے والے قرار دیا ہے اور ایسا عقیدہ اور نظریہ رکھنے والوں کو ملک بدر (جلاوطن) کر دیا اور مختلف سزاؤں کا اعلان بھی فرما دیا۔

مختلف سزاؤں کے اعلانات:

حضرت علی المرتضیٰؓ نے مختلف اوقات میں مختلف سزاؤں کے اعلانات فرما کر لوگوں کو اس غلط اور باطل نظریے سے بچانے کا انتظام فرمایا:

(۱)...... ابتداءً سخت سے سخت سزا دینے کا اعلان فرمایا کہ جو شخص مجھے (یعنی حضرت علیؓ) کو حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ پر فضیلت دیگا اس کو میں سخت سے سخت سزا دوں گا۔ پھر جب معاملہ اور زیادہ سنگین ہو گیا تو......! ...... (۲)...... مفتری کی سزا دینے کا اعلان: حضرت علی المرتضیٰؓ نے حالات کی سنگینی کو مدنظر رکھتے ہوئے اعلان فرمایا کہ "جو شخص مجھے (یعنی حضرت علیؓ کو) حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ پر فضیلت دیگا میں اسے مفتری کی سزا دوں گا۔

نوٹ:...... مفتری کی سزا (80) اسّی کوڑے ہوتی ہے۔

(۳)...... زانی کی سزا دینے کا اعلان فرمایا: کہ جو شخص مجھے ان دونوں پر فضیلت دے گا تو میں اسے زانی کی سزا دوں گا۔

نوٹ:...... یاد رکھیں زانی کی سزا شریعت میں یہ ہے کہ اگر زانی غیر شادی شدہ ہو تو اس کو سو کوڑے لگائے جائیں گے اور اگر زانی شادی شدہ ہو تو اس کو سنگسار کیا جائیگا۔

غور فرمائیں......!! کس قدر اہتمام اور انتظام حضرت علیؓ فرماتے ہیں اس فتنے کا راستہ روکنے کے لیے کہ صرف فضیلت کے معاملہ پر اسقدر سخت سزائیں کہ جلاوطنی اور

Scanned by CamScanner

مفتری وکذاب کی سزاؤں کا اعلان اور پھر زانی کی سزا جاری کرنے کا اعلان۔ بات بالکل واضح ہے کہ جب فضیلت کے معاملے میں اس قدر سخت اقدامات حضرت علیؓ فرمارہے ہیں تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ حضرات شیخینؓ کی گستاخی کے معاملے میں خاموشی اختیار فرماتے۔ بلکہ جب ان سزاؤں کے اعلانات سے بھی یہ فتنہ پوری طرح قابو میں نہ آیا اور اس فتنے کی مزید خباثت اور شدت کی خبریں حضرت علی المرتضیٰؓ کو ملتی ہیں تو پھر حضرت علیؓ لوگوں کو جمع فرما کر پوری شدت کے ساتھ نام لے کر نشانیاں بتا کر اس فتنے سے لوگوں کو آگاہ فرماتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے بارے میں خبر دی تھی اور حکم بھی ارشاد فرمایا تھا کہ ان لوگوں کو پاؤ تو قتل کر دینا کیونکہ یہ لوگ ظاہراً محبت کے دعویدار اور اندرونِ خانہ دشمن ہیں، ان کے ہاں جھوٹ بولنا مستحسن اور پسندیدہ عمل ہے۔ اور ان میں گناہ عام ہے اور یہ لوگ مصاحف قرآن کے منکر ہیں اور یہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو سب و شتم کر کے (گالیاں دیکر) گناہ کماتے ہیں۔

نوٹ:...... حضرت علی المرتضیٰؓ کس قدر وضاحت کے ساتھ شیعت کی بیخ کنی فرمارہے ہیں اور جتنی بھی نشانیاں آپ نے بیان فرمائی ہیں وہ تمام کی تمام سوائے شیعوں کے کسی دوسرے کافر طبقے میں جمع نہیں ہیں۔

چنانچہ:...... شیعت ہی وہ سازشی فتنہ ہے جو حضرت علیؓ اور اہلبیتؓ سے محبت کا دعویدار ہے اور در حقیقت دشمنی کا روادار ہے۔ اور شیعت ہی ایسا غلیظ مذہب ہے کہ جن کے ہاں جھوٹ بولنا نہ صرف جائز اور پسندیدہ عمل ہے بلکہ تقیہ کے نام سے جھوٹ ایک اہم ترین عبادت ہے نیز مذہب شیعہ کی سب سے معتبر ترین کتاب ''الاصول من الکافی'' میں تو یہاں تک وضاحت کے ساتھ شیعوں کا عقیدہ اور اصول بیان کیا گیا ہے:

"ان تسعة اعشار الدين فى التقية، ولا دين لمن لا تقية له، والتقية فى كل شىء آلا فى النبيذ والمسح على الخفين"

ترجمہ:...... دین کا نو فیصد (۹% حصہ تقیہ (جھوٹ) میں ہے، اور وہ شخص دیندار

نہیں جو جھوٹ نہ بولتا ہو، اور یہ جھوٹ ہر چیز اور ہر معاملے میں بولا جا سکتا ہے، سوائے نبیذ اور موزوں پر مسح کے معاملے کے۔

(اصول کافی، تالیف: ابی جعفر محمد بن یعقوب بن اسحاق الكلينى المتوفى ۳۲۸ھ، جلد نمبر ۲ ص ۲۱۷ طبع ایران)

یعنی دین کے اگر دس حصے کیے جائیں تو دین کے نو حصے صرف اور صرف جھوٹ پر مشتمل ہیں، اور بقیہ تمام چیزیں دین کا ایک حصہ ہیں اور جو شخص جھوٹ نہ بولے وہ دیندار ہی نہیں ہو سکتا اور جھوٹ ہر چیز اور ہر معاملے میں بولا جا سکتا ہے سوائے دو چیزوں کے (۱) نبیذ (یعنی کھجور یا انگور کے اس پانی کے بارے میں جس میں نشہ نہ پیدا ہوا ہو) (۲) موزوں پر مسح کے بارے میں۔

قارئین محترم......! مذہب شیعہ کے اس عقیدہ سے دین اور دینداری کا جو تصور ابھر کر سامنے آتا ہے اس کا اندازہ بخوبی کیا جا سکتا ہے، دنیا میں ایسا کوئی مذہب نہیں ہے جس میں جھوٹ بولنے کو اچھا سمجھا جاتا ہو، جی ہاں! شیعہ مذہب ہی دنیا کا وہ واحد غلیظ مذہب ہے جن کے ہاں جھوٹ ایک اہم عبادت ہے بلکہ تکمیل دین اور دینداری کا ذریعہ ہے نیز دین کے نو حصے صرف جھوٹ میں ہیں اور بقیہ تمام احکامات دین کا صرف ایک فیصد حصہ ہیں۔ حضرت علی المرتضیٰؓ نے اپنے خطبے میں مذہب شیعہ کے اس ہی عقیدہ کی نشاندہی فرمائی ہے کہ ''ان کے ہاں جھوٹ بولنا مستحسن اور پسندیدہ عمل ہے''۔

متعہ کے نام سے زنا کے گناہ کا عام ہونا:

جہاں تک معاملہ گناہ کے عام ہونے کا ہے تو از ابتداء تا انتہاء مذہب شیعہ سراپائے گناہ ہے، مثال کے طور پر ''زنا'' کو ہی لے لیں کہ دنیا کا کوئی ایسا مذہب نہیں ہے جو زنا کو اچھا کام بتاتا ہو، لیکن یہاں مذہب شیعہ کی کتابیں زنا جیسے سنگین گناہ کو ''متعہ'' کے نام سے نہ صرف جائز بلکہ بہت بڑی اور اہم عبادت بتلاتی ہیں اور زنا کے اس قدر فضائل بیان کیے گئے ہیں کہ شاید ہی کسی اور عبادت کے فضائل اس قدر ہو سکتے ہوں، اور زنا نہ کرنیوالوں

Scanned by CamScanner

کے لیے سخت وعیدیں بھی بیان کی گئی ہیں۔

چنانچہ:...... مذہب شیعہ کی معتبر تفسیر ''منہج الصادقین''، جس کو شیعہ تفسیر کبیر بھی کہتے ہیں میں لکھا ہے کہ:

"من مات ولم يتمتع جاء يوم القيامة وهو اجدع" (منهج الصادقين (عربی))

"هر که همه ومتعه نه کرده باشد بروزِ قیامت لب و گوشت بریده برخیزد" (منهج الصادقین(فارسی))

ترجمہ:...... ''جو کوئی (مرد وعورت) متعہ (زنا) کیے بغیر مر جائے، تو قیامت کے دن اس حال میں آئیگا کہ اس کی ناک، اس کا کان، اور اس کے ہونٹ کٹے ہوئے ہوں گے'' (تفسیر منہج الصادقین، از ملا فتح اللہ کاشانی لعنتی، جلد دوم ص۴۹۱)

فضائلِ زنا کتب شیعہ میں بکثرت دیکھے جا سکتے ہیں، مثال کے طور پر چند شیعہ کتب کی عبارات نقل کفر، کفر نہ باشد کے اصول کے تحت پیش کی جاتی ہیں:

(۱)...... متعہ (زنا) کرنے والا مرد وعورت جب آپس میں مل کر بیٹھتے ہیں تو ایک نورانی فرشتہ مقرر کر دیا جاتا ہے جو ان پر پہرہ دیتا ہے۔

(۲)...... پھر وہ دونوں جب آپس میں باتیں کرتے ہیں تو ان کی باتیں خدا تعالیٰ کے نزدیک ذکر وتسبیح کا درجہ رکھتی ہیں۔ (زنا کرنیوالے اس وقت آپس میں کیا باتیں کرتے ہوں گے؟...... کہاں یہ بیہودہ باتیں اور کہاں ذکر وتسبیحات...... الامان والحفیظ)

(۳)...... پھر وہ دونوں جب ایک دوسرے کی طرف زنا کے لیے ہاتھ بڑھاتے ہیں تو ساری زندگی کے گناہ ان کی انگلیوں سے جھڑ جاتے ہیں۔

